© rasailojaraid.com



آپ نے پوچھا

از قلم: مُدیر معاون

# اسلامی اصطلاح میں "حکومت" کا مفہوم

سوال :- اسلامی اصطلاح میں "حکومت" کسے کہتے ہیں اور اس کا صحیح مفہوم کیا ہے؟

عبدالرشید گوجرہ

جواب : اسلامی اصطلاح میں "حکومت" کا مفہوم دو پہلوؤں کو محیط ہے۔ ۱۔ حکومت ۲۔ خلافت :- از روئے قرآن کریم حکومت کا مختار فقط ذات باری تعالیٰ ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔ ان الحکم الا للہ۔ الحکم للہ العلی الکبیر الا لہ الحکم علامہ زمخشریؒ فرماتے ہیں کہ الحکم سے مراد حکومت ہے۔ (الکشاف ج اول، ص ۲۶۷) حکومت کا مختار اور فاعل صرف اللہ کے ہونے کا یہ مطلب ہے کہ تمام اصول و قوانین و مبادی تخلیق کرنے والا صرف اور صرف اللہ ہی ہے کسی انسان کو طریق کار وضع کرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔ دوسری شق یعنی خلافت، اگرچہ انسان پر منطبق ہوتی ہے لیکن ظاہر ہے کہ انسان کو خلیفہ بھی اللہ تعالےٰ نے مقرر فرمایا ہے۔ (انی جاعل فی الارض خلیفۃ) لہذا انسان احکام خداوندی کا پیرو ہو کر ہی خلافت کا حق صحیح طور سے ادا کر سکتا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ "حکومت" کی صحیح اسلامی تعریف کی رُو سے خداوند کریم کا اقتدار و غلبہ اصلی و جوہری ہے جب کہ انسان کی "خلافت" محض عارضی اور فرعی ہے۔

# میثاق مدینہ میں غیر مسلموں کے حقوق

سوال : کہا جاتا ہے کہ میثاق مدینہ میں غیر مسلموں کے لیے مساوی حقوق مقرر کیے گئے تھے کیا یہ درست ہے؟

(عبدالرحمٰن تبسم — لاہور)

جواب :- یہ درست ہے کہ میثاق مدینہ میں جو یہود کے ساتھ ابتدائی معاہدہ تھا۔

© rasailojaraid.com